پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

14/12/2021

مولانا آزاد میموریل اکادمی، لکھنؤ کو مختلف اسکیموں کے لیے 7 لاکھ 50 ہزار روپئے کی رقم منظور

لکھنؤ: 14/ دسمبر 2021

اتر پردیش حکومت نے مولانا آزاد میموریل اکادمی، لکھنؤ کو مولانا آزاد ادب سے متعلق اردو دار المطالعہ، دستاویزی مرکز کا قیام، سیکولرزم پر مبنی تعلیم کے لیے مستحکم کوشش کرنے، سیمیناروں کا انعقاد کرنے وغیرہ کے کاموں کے لیے رواں مالیاتی سال میں پہلی قسط کے طور پر 750000 (سات لاکھ، پچاس ہزار صرف) روپئے کی رقم منظور کی ہے۔ محکمہ قومی یکجہتی کے ذریعہ اس ضمن میں حکم نامہ جاری کر دیا گیا ہے۔

☆☆☆☆☆